# قرارداد

## 9-2-2026

یہ ایوان 6 فروری 2026 کو اسلام آباد کے علاقے ترلائی کلاں میں جامعہ مسجد خدیجۃ الکبریٰ میں ہونے والے المناک خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے، جس کے نتیجے میں معصوم نمازی شہید اور درجنوں افراد زخمی ہوئے۔ یہ ایوان دہشت گردی کے ان وحشیانہ اقدامات کو پاکستان کے آئین، مذہبی آزادی، قومی سلامتی اور بین المسالک ہم آہنگی پر براہ راست حملہ قرار دیتا ہے۔ یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ:

- اس سانحے میں ملوث خودکش حملہ آور، سہولت کاروں، منصوبہ سازوں اور سرپرست عناصر کو بے نقاب کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔
- کالعدم تکفیری تنظیموں، ان کے نیٹ ورکس، فنڈنگ، سوشل میڈیا پروپیگنڈے اور عوامی سرگرمیوں کے خلاف بلا امتیاز اور فیصلہ کن کارروائی کی جائے۔
- عبادت گاہوں بالخصوص مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی کے مؤثر اور مستقل انتظامات کیے جائیں۔
- شہداء کے لواحقین کو فوری مالی امداد اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔
- دہشت گردی کے خلاف قومی سطح پر مؤثر حکمتِ عملی مرتب کر کے اس پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

یہ ایوان اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی، انتہاپسندی اور نفرت پر مبنی تشدد کی کوئی گنجائش نہیں اور ریاست ہر صورت شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔

Sd/-

**Member National Assembly**

Mr. Hameed Hussain
Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs
Ms. Sabheen Ghoury, Parliamentary Secretary for Information Technology and Telecommunications
Mr. Aijaz Hussain Jakhrani
Syed Rafiullah
Malik Muhammad Aamir Dogar
Sardar Muhammad Latif Khan Khosa
Mr. Gohar Ali Khan
Mr. Muhammad Riaz Fatyana
Mr. Khurram Shahzad Virk
Mr. Javaid Iqbal
Mr. Umair Khan Niazi
Mr. Dawar Khan Kundi

Mr. Saleem Rehman
Mr. Mehboob Shah
Mr. Muhammad Bashir Khan
Mr. M. Sana Ullah Khan Mastikhel
Mr. Abdul Hakeem Baloch
Mr. Muhammad Aslam Ghumman
Mr. Muhammad Moazzam Ali Khan
Mr. Fiaz Hussain
Mr. Azim Uddin Zahid
Mr. Usama Hamza
Mr. Changaze Ahmad Khan